سوال

(742)جو بھی کاروبار شروع کرتا ہوں شروع شروع میں نفع شروع ہوتا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض صرف یہ ہے کہ جو بھی کاروبار شروع کرتا ہوں شروع شروع میں نفع شروع ہوتا ہے مگر چند ماہ میں خسارہ کی طرف جانا شروع ہو جاتا ہوں ۔ چھ سال سے اسی طرح ہے ۔ اس کے علاوہ بھی کچھ جادو اور جنات کے اثرات گھر اور ماحول پر ہیں ، کچھ تعویذات بھی گھر سے برآمد ہوتے ہیں ، نیز اپنے گھر سے ایک کلومیٹر تک میرے دل پر بوجھ اور پریشانی رہتی ہے ۔ مگر جوں ہی اپنے گھر سے ایک کلومیٹر دور جس جانب بھی نکل جاؤں ہشاش بشاش ہو جاتا ہوں ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی آپ کی ہمہ قسم کی پریشانیاں دور فرمائے ، آپ کے حلال کاروبار میں برکت فرمائے اور ہر قسم کے جادو، آسیب سے محفوظ رکھے ۔ آمین یارب العالمین ۔

نمازِ فجر کے بعد : ((لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ))2 سو مرتبہ پڑھ لیا کریں ۔ ہر نماز کے بعد آخری تین قل پڑھا کریں ۔ 3 رات سوتے وقت دونوں ہاتھ جمع کر کے تین دفعہ قل ھو اللہ احد... الخ، تین دفعہ قل اعوذ برب الفلق ... الخ اور تین دفعہ قل اعوذ برب الناس

2 صحیح بخاری/کتاب الدعوات/باب فضل التھلیل ۔

3 ابوداؤد/ابواب الوتر/باب فی الاستغفار ۔

پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پھونک لگا کر پورے بدن پر ہاتھ پھیریں ۔ یہ عمل ہر رات کرنا ہے ۔ 1

پھر وقتاً فوقتاً مندرجہ ذیل دعائیں پڑھتے رہا کریں نماز کے پہلے اور دوسرے تشہد میں بھی پڑھ سکتے ہیں :

۱ ۔ ((اَللّٰھُمَّ اَکْثِرْ مَالِیْ وَوَلَدِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَنِیْ))2

۲ ۔ ((اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْھِمْ بِمَا شِئْتَ))3

٣۔ ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِوَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلْعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ))4

[''اے اللہ1میں پناہ چاہتا ہوں تیرے ذریعے سے پریشانی اور غم سے، عاجز ہونے اور کاہلی سے اور بزدلی اور بخل سے قرض کے بوجھ اور لوگوں کے تسلط سے۔'']

ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کی پریشانی ختم ہوجائے گی اور کاروبار میں بھی برکت ہوگی۔ نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔ ٦/٤/١٤٢١ھ

1بخاری/کتاب فضائل القرآن/باب فضل المعوذات۔

2 صحیح بخاری/کتاب الدعوات/باب الدعاء بکثرۃ المال والولد مع البرکۃ۔

3مسلم/حدیث:٣٠٠٥۔کتاب الزھد/باب قصۃ اصحاب الاخدود۔

4 صحیح بخاری/کتاب الدعوات/باب الاستعاذہ من الجبن والکسل۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص738

محدث فتویٰ